## سوال

(338) گوارا، مونگ، ماش، مسور، مونگ پھلی، سبزیات اشیاء روزمرہ کی وجہ سے عشر سے مستثنیٰ ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گوارا۔ مونگ۔ ماش، مسور، کماد، مونگ پھلی، سبزیات عشر سے مستثنیٰ ہیں یا اس پر عشر یا زکوٰۃ ہوگی۔ یہ اشیاء روزمرہ کی خوراک میں شامل نہیں؟ (محمد ہاشم شاہ قریشی۔ جیل روڈ۔ لاہور) (یکم ستمبر ۲۰۰۰ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ اشیاء میں عشر واجب ہے کیونکہ سابقہ دونوں علّتیں ان میں موجود ہیں۔ البتہ کماد کا حساب اندازاً گڑ کے ساتھ کیا جائے گا۔ یاد رہے عشر کے وجوب کےلیے چیز کا روزمرہ خوراک کی اشیاء سے ہونا ضروری نہیں۔ صرف دو سابقہ علّتوں کا پایا جانا ضروری ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:297

محدث فتویٰ